غلط مخواں☆ دل تنگ مدار☆ آنچہ ندانی مگو☆ از نماز خواندن غافل مباش☆ ایں کتاب را از دست مدہ ☆ بہ مجلسِ بداں مَرَو☆ کتابِ خود را خراب مکن☆

کہ درست کرے ۔نوکر سے کہہ ۔کہ عربی گھوڑا پر زین کسے ۔گاڑی نہ لائے ، گٹھری لائے کہ میں آج کے دن لباس بدلتا ہوں ۔تو جان اے پیارے! جب تک ہو سکے تو خدا کی یاد سے غافل نہ رہے ۔کم کھا،تا کہ خود کو پریشانی نہ ہو ۔کم بول ،تا کہ دوسرے لوگ پریشان نہ ہوں ۔

مختلف مصدروں کے نہی حاضر اوراُن سے فقرے

مت پڑھ ۔مت دے ۔مت کہہ ۔مت کر ۔مت جا ۔مت رکھ ۔مت ہو ۔

غلط مت پڑھ ۔چھوٹا دل مت رکھ ۔ جو کچھ نہیں جانتا ہے مت کہہ ۔نماز پڑھنے سے غافل مت ہو ۔اس کتاب کو ہاتھ سے مت دے بُروں کی مجلس میں مت جا ۔ اپنی

ہر چہ ۔جو کچھ ۔ باز ۔دوبارہ ۔پَنْد ۔نصیحت ،بھلائی کی بات ۔ جائے خود ۔اپنی جگہ ۔ پراہن ۔کُرتا قمیص ۔ تُکمہ ۔گھنڈی ،بٹن ۔ خیاط ۔درزی ۔ رفو ۔پھٹے ہوئے کپڑے کو اس طرح سینا کہ جوڑ معلوم نہ ہو ۔ چاکر ۔نوکر ،خدمت گار ۔ زین ۔گھوڑے کی کاٹھی ۔ کالِسکہ ۔گاڑی ۔ بغچہ ۔چھوٹی گٹھری ۔ تا توانی ۔جہاں تک ہو سکے ۔ غافل ۔غفلت کرنے والا ۔ نمائی ۔فعل مضارع منفی ۔صیغہ واحد حاضر ۔فعل امر ۔ بماں ۔اسم فاعل ۔مانندہ ۔ دیگراں ۔دوسرے لوگ ۔

مختلف مصدروں کے نہی حاضر اوران سے فقرے

فعل نہی: وہ فعل ہے جس میں کسی کام سے روکا جائے جیسے مَکُن ۔مت کر ،وغیرہ ۔

قاعدہ: واحد حاضر اور جمع حاضر کے صیغوں بجائے ’’ب‘‘ کے ’’م‘‘ لگانے سے نہی واحد حاضر اور جمع

زبان فارسی خیلے دشوار است ، لاکن شیریں است ☆ شرم مکُن ہر چہ بتوانی ، بپارسی حرف بزن ☆ ہمیں طور مشق می شود ☆ بدگومباش ☆

کُن ۔ کُنید ۔ ببیں ۔ ببینید ۔
مکن ۔ مکنید ۔ مگیر ۔ مگیرید ۔
سگ را نگاہ کُنید ! چہ محبت می کند ☆ ببینید

کتاب کوخراب مت کر ۔ فارسی زبان بہت دسوار ہے ،لیکن میٹھی ہے ۔شرم مت کر ۔ جتنا تجھ سے ہوسکے فارسی میں بات کر ۔ اسی طرح مشق ہوتی ہے ۔ بُرا کہنے والامت ہو

توکر ۔تم کرو ۔تو دیکھ ۔تم دیکھو ۔تو مت کر ۔
تم مت کرو ۔تو مت پکڑ ۔تم مت پکڑو ۔
کتّے کو دیکھو! کیا محبت کرتا ہے ۔ دیکھو! کس

حاضر بن جاتے ہیں ۔اور باقی صیغوں میں ’’ن‘‘ زیادہ کرتے ہیں ۔اورشروع میں ’’باید کہ‘‘ بھی لگاتے ہیں ۔

حل لغات : مخواں ۔مت پڑھ ۔ فعل نہی ۔صیغہ واحد حاضر ۔ مضارع ۔ خواند ۔ مصدر ۔ خواندن ۔ پڑھنا ۔ مدہ ۔ مت دے ۔ فعل نہی ۔صیغہ واحد حاضر ۔ مضارع ۔ دہد ۔ مصدر ۔ دادن ۔ دینا ۔ مگو ۔مت کہہ ۔فعل نہی ۔صیغہ واحد حاضر ۔مضارع ۔گوید ۔مصدر گفتن ۔کہنا ۔ مکن ۔مت کر ۔فعل نہی ۔صیغہ واحد حاضر ۔مضارع ۔کند ۔مصدر ۔کردن ۔کرنا ۔ مرو ۔مت جا ۔فعل نہی ۔صیغہ واحد حاضر ۔مضارع ۔رود ۔مصدر ۔رفتن ۔جانا ۔ مدار ۔مت رکھ ۔فعل نہی ۔صیغہ واحد حاضر ۔مضارع ۔دارد ۔مصدر ۔ داشتن ۔رکھنا ۔ مباش ۔مت ہو ۔فعل نہی ۔ صیغہ واحد حاضر ۔مضارع ۔شود ۔مصدر ۔شدن ۔ہونا ۔ بداں ،بد کی جمع ہے بُروں ۔ خیلے دشوار ۔ بہت مشکل ۔لاکن ۔لیکن ، پھر ،مگر ۔ شَیریں ۔میٹھی ،میٹھا ،مزدار ۔ حرف بزن ۔ بات کر ۔ ہمیں طور ۔اسی طرح ،اسی انداز سے ،اسی طریقے سے ۔ نگاہ کنید ۔ دیکھو ۔کنید ۔فعل مضارع ۔صیغہ جمع حاضر ۔مصدر ۔کردن ۔ دمش ۔اپنی دم ،پونچھ ۔ می جنباند ۔ ہلاتا ہے ۔فعل حال ۔صیغہ جمع غائب ۔فعل امر ۔بجنب ۔مصدر ۔جُنبیدن ۔ہلنا ،ہلانا ۔ خویش و بیگانہ را ۔اپنے اور پرائے کو ۔میگزد ۔ کاٹتا ہے ۔فعل حال ۔صیغہ واحد غائب ۔فعل امر ۔بگز ،بگزا ۔مصدر ۔گزیدن ۔کاٹ کھانا ۔ بدرش کن ۔اس کو باہر کر ،اس کو باہر نکال ۔کن ۔ فعل امر ۔صیغہ واحد حاضر ۔مصدر ۔کردن ۔ نجس ۔ ناپاک ۔ بدہانش ۔اس کے دانت ۔ دروں بیاید ۔اسم میں آئے ،اندر آئے ۔

! چہ طور دُمش می جنباند ☆ نشانِ محبتش ہمیں است ☆ خویش و بے گانہ را خوب می شناسد ☆ دوست و دوشمن را خوب می داند ☆ دست بَدَ ہانش مکنید کہ می گزد ☆ دُمش مگیرید خُوشش نمی آید ☆ مگزار، کہ دروں بیاید ☆ بدرش کن کہ فرش پلیدمی شود ☆ جسمش نجس است ☆

طرح اپنی پونچھ ہلاتا ہے۔اس کے محبت کی پہچان یہی ہے ۔اپنے اور پرائے کو خوب پہچانتا ہے۔دوست اور دشمن کوخوب جانتا ہے۔ ہاتھ اس کے منہ میں مت کروکہ وہ کاٹتا ہے۔ اس کی پونچھ مت پکڑ واسے اچھانہیں آتا ہے۔ مت چھوڑ کہ اندر آئے ۔اس کو باہر کرکہ فرش گندہ ہورہاہے۔اس کا جسم ناپاک ہے۔

اسم فاعل قیاسی کے فقرے

پرندہ ۔ آفرینندہ ۔ نویسندہ ۔

خوانندہ ۔ خواہندہ ۔

خُدا آفرینندہٗ ماست ☆ نویسندہ داند، کہ درنامہ چیست ☆ اِمروز پرندہٗ خوبے دیدم ☆ خوانندہٗ قرآن مجید مقبولِ خُدا است ☆ خواہندہ را ازدرمحروم مگرداں ☆

اسم فاعل قیاسی کے فقرے

اڑنے والا۔ پیدا کرنے والا۔ لکھنے والا۔

پڑھنے والا۔ چاہنے والا۔

خداہم کو پیدا کرنے والا ہے۔لکھنے والا جانتا ہے کہ خط میں کیا ہے۔آج کے دن میں نے ایک اچھا پرندہ دیکھا ۔قرآن مجید پڑھنے والا خدا کا مقبول بندہ ہے۔ مانگنے والے کودروازے سے خالی مت لوٹا،ناامید مت پھیر۔

اسم فاعل قیاسی کے فقرے

اسم فاعل: وہ اسم ہے جوایسی ذات کو بتائے جس سے فعل ظاہر ہو۔

قاعدہ: امر حاضر کے آخر زیردے کر ''ندہ'' لگا کر بناتے ہیں جیسے آفریں سے آفرینندہ۔ پیدا کرنے والا۔اور کبھی امر حاضر کے آخر میں ''الف'' بڑھا دیتے ہیں جیسے داں سے دانا۔ جاننے والا۔اور کبھی امر حاضر سے پہلے کوئی اسم لاتے ہیں۔جیسے کن امر سے چاہ کن۔کنواں کھودنے والا۔وغیرہ۔

حل لغات: پَرِندہ۔اڑنے والا ۔ اسم فاعل ۔مضارع۔پَرد۔امر حاضر۔ پر ۔مصدر۔ پَریدن ۔اڑنا۔ آفرینندہ۔ پیدا کرنے والا۔اسم فاعل ۔مضارع۔آفریند۔امر حاضر۔ بیافریں۔مصدر۔ آفریدن ۔ پیدا کرنا۔ نویسندہ۔اسم فاعل ۔مضارع ۔نویسد ۔امر حاضر۔بنویس ۔مصدر۔نوشتن

اسم فاعل سماعی کے فقرے

دانا۔ بینا۔ باربر۔ مردُم در۔
چاہ کن۔ آخربیں۔ خنداں۔
رواں۔ خوشدل۔

تو دانا و بینا ہستی ☆ احتیاجِ ما نہ داری ☆ آبِ رواں پاک است ☆ تا توانی در رنج و راحت خنداں باش ☆ چاہ کن را چاہ در پیش ☆ خرِ باربر بہ از شیرِ مردم در

اسم فاعل سماعی کے فقرے

جاننے والا۔ دیکھنے والا۔ بوجھ ڈھونے والا۔ لوگوں کو پھاڑنے والا۔ کنواں کھودنے والا۔ انجام سوچنے والا، انجام دیکھنے والا۔ ہنسنے والا، ہنستا ہوا۔ جاری، چلتا ہوا۔ خوش دل۔ تو دیکھنے والا اور جاننے والا ہے۔ تو ہماری ضرورت نہیں رکھتا ہے۔ جاری پانی پاک ہے۔ جہاں تک تجھ سے ہو سکے خوشی اور مصیبت میں ہنسنے والا ہو۔ کنواں کھودنے والے کے سامنے کنواں ہے۔ بوجھ ڈھونے والا گدھا لوگوں کو

۔ لکھنا۔ خوانندہ۔ پڑھنے والا۔ اسم فاعل۔ مضارع۔ خواند۔ امر حاضر۔ بخواں۔ مصدر۔ خواندن۔ پڑھنا۔ خواہندہ۔ چاہنے والا۔ اسم فاعل۔ مضارع۔ خواہد۔ امر حاضر۔ بخواہ۔ مصدر۔ خواستن۔ چاہنا۔ محروم۔ بےنصیب، خالی۔ مگرداں۔ مت لوٹا۔

اسم فاعل سماعی کے فقرے

حل لغات: دانا۔ جاننے والا۔ اسم فاعل سماعی۔ مضارع۔ داند۔ امر حاضر۔ بداں۔ مصدر۔ دانستن۔ جاننا۔ بینا۔ دیکھنے والا۔ اسم فاعل سماعی۔ مضارع۔ بیند۔ امر حاضر۔ ببیں۔ مصدر۔ دیدن۔ دیکھنا۔ باربر۔ بوجھ ڈھونے والا۔ اسم فاعل سماعی۔ مضارع۔ برد۔ امر حاضر۔ ببر۔ مصدر۔ باربردن۔ بوجھ ڈھونا۔ مردم در۔ لوگوں کو پھاڑنے والا۔ اسم فاعل سماعی۔ مضارع۔ درد۔ امر حاضر۔ بدر۔ مصدر۔ دریدن۔ پھاڑنا۔ آخربیں۔ انجام دیکھنے والا۔ اسم فاعل سماعی۔ مضارع۔ بیند۔ امر حاضر۔ ببیں۔ مصدر۔ دیدن۔ دیکھنا۔ چاہ کن۔ کنواں کھودنے والا۔ اسم فاعل سماعی۔ مضارع۔ کند، امر حاضر۔ بکن۔ مصدر۔ کندیدن۔ کھودنا۔ خنداں۔ ہنستا ہوا۔ اسم فاعل سماعی۔ مضارع۔ خندد۔ امر حاضر۔ بخند۔ مصدر۔ خندیدن۔ ہنسنا۔ رواں۔ جاری، چلنے والا۔ اسم فاعل سماعی۔ مضارع۔ رود۔ امر حاضر۔ برو۔ مصدر۔ رفتن۔ جانا، چلنا۔ خوشدل۔ خوش ہونے والا دل۔ اسم فاعل سماعی۔ احتیاج ما۔ ہماری ضرورت۔ رنج۔ غم۔ راحت۔ آرام، چین، سکون۔ را۔ کے، کو۔

☆ مردِ آخر بیں مُبارک بندہ ایست ☆ مزدُور خوش دل کُند کار بیش ☆

پھاڑنے والے شیر سے بہتر ہے۔ انجام سوچنے والا مرد مبارک بندہ ہے۔ خوش دل مزدور زیادہ کام کرتا ہے۔

اسم مفعول سے فقرے

آفرِیدہ ۔ نوشتہ ۔ دیدہ ۔ آزردہ ۔ کردہ ۔

پیدا کیا ہوا۔ لکھا ہوا۔ دیکھا ہوا۔ ستایا ہوا۔ کیا ہوا۔

شنیدہ کے بُود مانند دیدہ؟ ما آفریدۂ خُدائیم ☆ نوشتۂ من ببیں ☆ دل آزردہ مدار ☆ خود کردہ را علاجے نیست ☆

سنا ہوا کب ہوگا دیکھے ہوئے کی طرح۔ ہم خدا کے پیدا کئے ہوئے ہیں۔ میرا لکھا ہوا دیکھ۔ ستایا ہوا دل مت رکھ اپنے کئے ہوئے کا کوئی علاج نہیں ہے۔

در پیش۔ سامنے۔ بہ۔ بہتر۔ شیر۔ درندہ۔ مبارک۔ برکت والا، نیک۔ بیش۔ زیادہ۔

اسم مفعول سے فقرے

اسم مفعول: وہ اسم ہے جو ایسی ذات کو بتائے جس پر فاعل کا فعل واقع ہوا ہو۔ جیسے نوشت سے نوشتہ۔

قاعدہ: ماضی مطلق کے صیغہ واحد غائب پر ''ہ'' بڑھا دیا جائے تو اسم مفعول کا صیغہ واحد بن جائے گا۔ جیسے کرد سے کردہ۔ اور اگر ماضی مطلق کے آخر میں بجائے ''ہ'' کے ''گان'' بڑھا دیا جائے تو جمع کا صیغہ بن جائے گا جیسے آموخت سے آموختگان۔ سیکھے ہوئے۔ اور کبھی ''ا'' بھی زیادہ کرتے ہیں جیسے آفرید سے آفریدہ۔ پیدا کئے ہوئے۔

حل لغات: آفرِیدہ۔ پیدا کیا ہوا۔ اسم مفعول۔ مضارع۔ آفریند۔ امر حاضر۔ بیافریں۔ مصدر۔ آفریدن۔ پیدا کرنا۔ نوشتہ۔ لکھا ہوا۔ اسم مفعول۔ مضارع۔ نویسد۔ امر حاضر۔ بنویس۔ مصدر۔ نوشتن۔ لکھنا۔ دیدہ۔ دیکھا ہوا۔ اسم مفعول۔ مضارع۔ بیند۔ امر حاضر۔ ببیں۔ مصدر۔ دیدن۔ دیکھنا۔ آزردہ۔ ستایا ہوا۔ اسم مفعول۔ مضارع۔ آزارد۔ امر حاضر۔ بیازار۔ مصدر۔ آزاریدن۔ ستانا۔ کردہ۔ کیا ہوا۔ اسم مفعول۔ مضارع۔ کند۔ امر حاضر۔ بکن۔ مصدر۔ کردن۔ کرنا۔ شنیدہ۔ سنا ہوا۔ اسم مفعول۔ مضارع۔ شنود۔ امر حاضر۔ بشنو۔ مصدر۔ شنیدن۔ سننا۔

اعداد اور اُن سے فقرے

یک ۔ دو ۔ سہ ۔ چہار ۔ پنج ۔
شش ۔ ہفت ۔ ہشت ۔ نہ ۔دہ

درنمازِ پنج وقت ہفدہ رکعت فرض است : وقت صبح دو رکعت ،وقتِ پیشیں چار رکعت ، وقتِ عصر نیز چار رکعت ، وقتِ شام سہ رکعت ، وقتِ خفتن چار رکعت

☆در اسلام ہفت چیز سنت است: ختنہ کردن ، موے لب گرفتن ،موے بینی

اعداد اور اُن سے فقرے

ایک ۔دو ۔تین ۔ چار ۔ پانچ ۔
چھ ۔سات ۔آٹھ ۔نو ۔ دس ۔

پانچ وقت کی نماز میں سترہ رکعت فرض ہے ۔صبح کے وقت دو رکعت ،ظہر کے وقت چار رکعت ، عصر کے وقت بھی چار رکعت ،مغرب کے وقت تین رکعت ،عشاء کے وقت چار رکعت ۔

اسلام میں سات چیز سنت ہے : ختنہ کرنا ،ہونٹ کے بال کاٹنا ، ناک کے بال

کے ۔کب ۔ مانند ۔مثل ،طرح ۔ علاجے ۔کوئی علاج ۔

اعداد اوران سے فقرے

عدد: گنتی کو کہتے ہیں ۔ معدود: جو چیز گنی جائے جیسے ہفت روپیہ ۔ہفت ۔

عدد ۔اورروپیہ معدود ہے ۔

قاعدہ: عدد کو پہلے اور معدود کو بعد میں لکھا جائے ۔ایسے ہی معدود ہمیشہ واحد ہوگا اگر چہ عدد جمع ہو جیسے سہ میز ۔تین میز ۔چہار قلم ۔ چار قلم ۔ پنج کتاب ۔ پانچ کتاب ۔وغیرہ ۔عدد جمع ہے لیکن معدود واحد ہے ۔

حل لغات: اعداد ۔عدد کی جمع ہے ۔گنتیاں ۔ یک ۔ایک ۔ دو ۔دو ۔ سہ ۔تین ۔ چہار ۔ چار ۔ پنج ۔ پانچ ۔ شش ۔ چھ ۔ ہفت ۔ سات ۔ ہشت ۔ آٹھ ۔ نہ ۔نو ۔ ہفدہ ۔سترہ ۔ وقت صبح ۔صبح کا وقت یعنی نماز فجر ۔ پیشیں ۔اگلا ، پہلا ۔ وقت پیشیں ۔ظہر کا وقت ۔نماز ظہر کو پیشیں اس لئے کہتے ہیں کہ حضرت جبرائیل علیہ السلام سب سے پہلے یہی نماز حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو پڑھائی تھی ۔ وقت عصر ۔عصر کا وقت ۔یعنی سورج ڈوبنے سے پہلے کی نماز ۔ وقت شام ۔شام کا وقت ۔یعنی مغرب ،سورج ڈوبنے کے بعد کی نماز ۔ وقت خفتن ۔سونے کا وقت ، یعنی عشاء کا وقت ۔ سنت

گندیدن، ناخن گرفتن، سر تراشیدن، موے بغل گرفتن، موے زیر ناف گرفتن ☆
شش جہت ایں است: بریں، فرو دیں، خَاوَر، باختر، پائیں، بالا ☆ محمود! چند برادر داری؟ جناب! دو ☆ چند سالہ اند؟ یک ہشت سالہ است و دِگرے نُہ سالہ ☆
دہ۔ بست۔ سی۔ چہل۔ پنجاہ۔ شصت۔ ہفتاد۔ ہشتاد۔ نوے۔ صد۔
احمد! چند روز رُخصت می خواہی؟ جناب آغا! دہ روز ☆ می دانی بر دست و پایت چند انگشت است؟ بلے! بست انگشت است ☆

اکھاڑنا، ناخن کاٹنا، سر چھیلانا بغل کے بال اکھاڑنا، ناف کے نیچے کے بال مونڈنا۔
چھ سمت یہ ہیں: اتر، دکھن، پورب، پچھّم، نیچے، اوپر۔ محمود! تو کتنے بھائی رکھتا ہے۔ حضرت! دو۔ وہ کتنے سال ہیں۔ ایک آٹھ سال کا ہے اور دوسرا نو سال کا۔
دس۔ بیس۔ تیس۔ چالیس۔ پچاس۔ ساٹھ۔ ستّر۔ اسّی۔ نوبے۔ سو۔
احمد! تو کتنے دن کی چھٹی چاہتا ہے؟ حضرت دس دن کی۔ تو جانتا ہے کہ تیرے ہاتھ اور پیر میں کتنی انگلی ہے۔ ہاں! بیس انگلی ہے۔

۔حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا طریقہ۔ ختنہ کردن۔ مسلمانی کرنا، سنت کرنا۔ موئے لب گرفتن۔ ہونٹ کے بال کاٹنا۔ موئے بینی کندیدن۔ ناک کے بال اکھاڑنا۔ کندیدن۔ مصدر۔ اکھاڑنا، کھودنا۔ مضارع۔ کندد۔ فعل امر۔ بکَنْد۔ ناخن گرفتن۔ ناخن کاٹنا۔ سر تراشیدن۔ سر چھیلنا، سر مونڈانا۔ تراشیدن۔ مصدر۔ مضارع۔ تراشد۔ فعل امر۔ بتراش۔ اسم فاعل سماعی۔ موتراش۔ موئے بغل گرفتن۔ بغل کا بال صاف کرنا، کاٹنا۔ موئے زیر ناف گرفتن۔ ناف کے نیچے کا بال صاف کرنا۔ جہت۔ جانب، طرف،
سمت، وجہ۔ خاور۔ پورب۔ باختر۔ پچھّم۔ پائیں۔ نیچے۔ بالا۔ اوپر۔ چندتا۔ کتنے۔ چندسالہ۔ کتنے برس کے۔
دہ۔ دس۔ بست۔ بیس۔ سی۔ تیس۔ چہل۔ چالیس۔ پنجاہ۔ پچاس۔ شصت۔
ساٹھ۔ ہفتاد۔ ستّر۔ ہشتاد۔ اسّی۔ نود۔ نوبے۔ صد۔ سو۔ رخصت۔ چھٹی۔

امسال روزۂ رمضان سی بُود ☆ پدرم کہ ہشتاد سَالہ است ، ہمہ ماہِ رمضان روزہ گرفت ☆

امسال رمضان کا روزہ تیس تھا ۔ میرا باپ جو اسّی سال کا ہے ۔ اس نے پورے رمضان کا روزہ رکھا۔

چہل سِیَر یک مَن است وشصت دقیقہ یک ساعت ☆ نود ونُہنامِ خُدا یاد دار ☆ صدرحمت برآں کس کہ خدمتِما در و پدر بکُند ☆

چالیس سِیَرُ ایک مَنُ ہے اور ساٹھ منٹ ایک گھنٹہ ہے ۔ ننانوے خدا کے نام یاد رکھ ۔ سو رحمت اس شخص پر جو ماں اور باپ کی خدمت کرے۔

از دہ تا بست بشمار ! دہ ، یازدہ ، دوازدہ ، سیزدہ ، چہاردہ ، پانزدہ ، شانزدہ ، ہفدہ ، ہژدہ نوزدہ ، بست ☆ آفریں ، آفریں

دس سے بیس تک شمار کر ۔ گیارہ ، بارہ ، تیرہ ، چودہ ، پندرہ ، سولہ ، سترہ ، اٹھارہ ، انیس ، بیس ۔ شاباش ، شاباش۔

☆ از پنجاہ تا شصت می توانی بشماری ؟ بلے ! می توانم ، پنجاہ ، پنجاہ و یک ، پنجاہ و دو ، پنجاہ وسہ ، پنجاہ و چار پنجاہ و پنج ، پنجاہ وشش ، پنجاہ و پنجاہ و ہفت ، پنجاہ و ہشت ، پنجاہ ونُہ ، شصت ☆

تو پچاس سے ساٹھ تک شمار کرسکتا ہے؟ ہاں ! میں (شمار) کرسکتا ہوں ۔ پچاس ، اکیاون ، باون ، ترپن ، چوّن ، پچپن ، چھپن ، ستاون ، اٹھاون ، انسٹھ ، ساٹھ ۔

جناب ۔ صاحب ، محترم ، مہربان ۔ جنا ب آغا ۔ جناب والا ، عالی جاہ ۔ دقیقہ ۔ منٹ ۔ نو دونُہ ۔ ننانوے ۔ ساعت ۔ گھنٹہ ، گھڑی ، بجے ۔ برآں ۔ اس پر ۔

یازدہ ۔ گیارہ ۔ دوازدہ ۔ بارہ ۔ سیزدہ ۔ تیرہ ۔ چہاردہ ۔ چودہ ۔ پانزدہ ۔ پندرہ ۔ شانزدہ ۔ سولہ ۔ ہفدہ ۔ سترہ ۔ ہژدہ ۔ اٹھارہ ۔ نوزدہ ۔ انیس ۔ پنجاہ و یک ۔ اوکاون ۔ پنجاہ ودو ۔ باون ۔ اسی طرح آخر تک گنتے جائیں۔

روز ہائے ہفتہ

شنبہ۔ یک شنبہ۔ دوشنبہ۔ سہ شنبہ۔

چہارشنبہ ۔ پنج شنبہ ۔ آدینہ

روزِ شنبہ یہوداں تعطیل می کُنند☆ یک شنبہ نصرانیاں تعطیل می کُنند☆ روزِ دو شنبہ حضرت رسولِ خُدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پیدا شدند وہمیں روز وفات یافتند☆ شبِ سہ شنبہ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا فوت شدند ☆ روزِ پنج شنبہ حضرت رسول خُدا صلی اللہ علیہ وسلم از مکہ بعزم ہجرت برآمدند☆ روزِ آدینہ عید ہفتہ است وہمیں روز نمازِ جمعہ می کنند☆

ہفتے کے دن

سینچر۔اتوار۔پیر۔منگل۔

بدھ۔جمعرات۔جمعہ۔

سینچر کے دن یہودی لوگ چھٹی کرتے ہیں۔ اتوار کے دن عیسائی لوگ چھٹی کرتے ہیں۔ پیر کے دن حضرت رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پیدا ہوئے۔ (ظاہری دنیا میں تشریف لائے)۔اوراسی دن وفات پائے (ظاہری دنیا سے پردہ فرمائے)۔منگل کی رات حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی وفات ہوئی۔ جمعرات کے دن حضرت رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مکہ سے ہجرت کے ارادے سے باہر نکلے۔ جمعہ کے دن ہفتہ کی عید ہے۔اوراس دن جمعہ کی نماز ادا کرتے ہیں۔

روز ہائے ہفتہ

حل لغات: شنبہ۔سینچر۔ یک شنبہ۔اتوار۔دوشنبہ۔سوموار۔سہ شنبہ۔منگل۔ چہارشنبہ۔بدھ۔پنج شنبہ۔جمعرات۔آدینہ۔جمعہ۔یہوداں۔یہود کی جمع ہے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی قوم۔ نصرانیاں۔نصرانی کی جمع ہے۔عیسیٰ علیہ السلام کی قوم۔ ہمیں روز۔اسی دن۔ فاطمہ۔رسول خدا کی بیٹی۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہا، اللہ تعالیٰ ان سے راضی ہو۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔اللہ تعالیٰ کی رحمت وسلامتی ہوان پر۔ عزم۔قصد، ارادہ۔ ہجرت۔ترک وطن، خدا کے لئے وطن چھوڑ کر دوسری جگہ چلے جانا۔

ماہ ہائے قمری

محرّم ۔صفر ۔ربیع الاول ۔ربیع الآخر۔ جمادی الاولیٰ ۔جمادی الاخریٰ ۔رجب ۔شعبان ۔شوال ۔ذوالقعدہ ۔ذوالحجہ۔ یکم شوال عید الفطر ست ☆ دہم ذی الحجہ عیدالاضحیٰ است ☆ نہم ذی الحجہ حج می گزارند ☆ پانزدہم شعبان شب برات است ☆ در ماہ رجب زکوٰۃ می دہند ☆ در ماہِ رمضان روزہ می گیریم ☆ دہم محرم روزِ عاشورہ است وبہمیں روز حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ در کربلا شہید شدند ☆ مشہور آں ست کہ ولادتِ حضرت رسولِ خُدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم دوازدہم ربیع الاول است ☆

ماہ ہائے قمری

محرّم ۔صفر ۔ربیع الاول ۔ربیع الآخر۔ جمادی الاول ۔جمادی الآخرہ ۔رجب ۔ شعبان ۔شوال ۔ذی قعدہ ۔ذی الحجہ۔ پہلی شوال عید الفطر ہے ۔ دسویں ذی الحجہ عید الاضحیٰ ہے۔نویں ذی الحجہ کولوگ حج ادا کرتے ہیں ۔ پندریں شعبان شب برأت ہے ۔ رجب کے مہینے میں لوگ زکوٰۃ دیتے ہیں ۔ہم رمضان کے مہینے میں روزہ رکھتے ہیں ۔ دسویں محرم عاشورہ کا دن ہےاوراسی دن امام حسین اضی اللہ تعالیٰ عنہ کربلا میں شہید ہوئے ۔مشہور یہ ہے کہ حضرت رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی پیدائش بارہویں ربیع الاوّل ہے۔

ماہ ہائے قمری ☆ چاند کے مہینے

محرم ۔عربی یعنی قمری سال کا پہلا مہینہ۔ صفر ۔دوسرا مہینہ۔اسی ترتیب پر آخر تک یعنی ذی الحجہ عربی سال کا آخری مہینہ ہے ۔ عید الفطر ۔رمضان کے روزوں کے بعد کی عید ۔ عید الاضحیٰ ۔ بقرعید۔قربانی کی عید ۔ کربلا ۔وہ مقام ہے جہاں امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ شہید ہوئے۔ ولادت ۔ پیدائش ۔

مختلف فقرے

۱۔ برادر! زود برخیز، تا آفتاب برآید☆ از نمازِ صبح و دیگر ضروریات فارغ باشی ، ہرچہ ازقرآن خواندۂ، آں قدر کہ می توانی تلاوت کُن ☆

۲۔زمستاں چاست خوردہ بمدرسہ برو☆ چوں وقت پیشیں دَررسد، بہ جماعت نماز کُن ☆ وقتِ رُخصت کہ ساعت چار است بہ خانہ بازآ ☆ درراہ بازی مکُن۔

۳۔ چوں از مدرسہ بخانہ درآئی ، دست و رُوشستہ ہرچہ حاضر باشد، قدرے بخور ☆ ساعتے بیروں تفرّج کُن ☆ اما ز نہار بَاطفاَل ہرزہ نگردی ☆ چوں وقتِ عصر

مختلف فقرے

۱۔ اے بھائی ! جلدی اُٹھ ۔ یہاں تک کہ سورج نکلے ۔تو صبح کی نماز اور دیگر ضروریات سے فارغ ہو۔ جو کچھ تو نے قرآن پڑھا ہے، جتنا ہو سکے تلاوت کر۔

۲۔جاڑے کے موسم میں ناشتہ کھا کر مدرسہ جا۔جب ظہر کا وقت ہو،تو جماعت سے نماز ادا کر۔ چھٹی کا وقت چار بجے ہے ۔ گھر کو واپس آ۔راستہ میں کھیل کود مت کر۔

۳۔جب تو مدرسہ سے گھر کو آئے۔ہاتھ اور منہ دھو کر جو کچھ حاضر ہو تھوڑا کھا۔تھوڑی دیر باہر تفریح کر۔لیکن آوارہ لڑکوں کے ساتھ ہرگز نہ گھومے۔جب عصر کا وقت ہو

مختلف فقرے

حل لغات:(۱) زود برخیز۔جلدی اٹھ۔برخیز۔فعل امر۔صیغہ واحد حاضر۔ مضارع۔خیزد۔اسم فاعل۔خیزندہ۔اسم مفعول خاستہ۔مصدر۔خاستن۔اٹھنا۔ آفتاب۔سورج۔ آں قدر کہ می توانی ۔جتنا اس سے ہو سکے ۔ می توانی ۔فعل حال ۔صیغہ واحد حاضر ۔ مصدر ۔توانستن ۔سکنا۔ ہرچہ ۔جو کچھ۔ تلاوت ۔ پڑھنا ،قرآن پڑھنا۔(۲) زمستاں ۔ جاڑا، موسم سرما۔ دررسد ۔ پہونچ جائے۔فعل مضارع ۔ واحد غائب۔ مصدر۔ رسیدن ۔ پہونچنا۔ چاشت ۔ ناشتہ۔ ساعتِ چار ۔ چار بجے۔ رخصت ۔چھٹی ۔ بہ خانہ بازآ۔ گھر واپس آ۔ بازآ۔فعل امر۔صیغہ واحد حاضر۔مضارع۔آید۔مصدر۔آمدن۔آنا۔ بازی ۔کھیل،کود،فریب۔(۳) دست ورُوشستہ ۔ہاتھ اور منھ دھوکر۔اسم مفعول ۔مضارع۔شوید۔امر حاضر۔بشو۔اسم فاعل ۔شوئندہ۔ تفرج۔

در رسد بمسجد رفتہ بجماعت نماز کُن ، باز نمازِ شام خوانده بخانہ بیا ، ہر چہ بروز خواندۂ ، بازش بخواں ☆ خواندنِ شب بر دل نقش می شود ☆ پیش از خفتن نمازِ عِشا بخواں ☆ تا توانی ترکِ نمازِ با جماعت مکُن ☆

۴۔ مدرسہ در تابستاں صبح وا می شود کہ ساعت شش باشد☆ نیم روز رخصت می شود کہ ساعت دوازده است ☆ بہ تابستاں نماز صبح کرده بمدرسہ برو☆ نماز پیشیں کرده تلاوتِ قرآن کُن ☆

۵۔ دیروز بست ونہم رمضان بود☆ امروز ہلال خواہد برآمد☆ فردا عیدست☆ مالباس فاخرہ دربَر کرده بعیدگاه خواہیم رفت☆

۔ مسجد جا کر جماعت سے نماز ادا کر۔ مغرب کی نماز پڑھ کر گھر واپس آ۔ جو کچھ تو نے دن میں پڑھا ہے پھر سے پڑھ ۔رات کا پڑھنا دل پر نقش ہوتا ہے ۔ سونے سے پہلے عشاء کی نماز پڑھ۔ جہاں تک تجھ ہو سکے جماعت سے نماز ترک مت کر۔

۴۔ گرمی میں مدرسہ صبح چھ بجے کھلتا ہے۔ آدھے دن کی چھٹی ہوتی ہے جس کا وقت بارہ بجے ہے ۔گرمی میں صبح کی نماز ادا کرکے مدرسہ جا۔ظہر کی نماز ادا کر کے قرآن تلاوت کر۔

۵۔کل انتیسویں رمضان تھی ۔آج چاند نکلے گا۔کل عید ہے۔ہم عمدہ لباس پہن کر

تفریح ،سیر،تماشا۔اما۔لیکن۔ زنہار۔ہرگز،کبھی۔ اَطفال ۔طفل کی جمع ہے۔ بچے۔ ہرزه۔آواره،بیکار۔ نگردی۔نہ گھومے ۔فعل مضارع منفی۔صیغہ واحد حاضر۔ مصدر۔ گردیدن۔ پھرنا،گھومنا۔ نماز شام ۔مغرب کی نماز۔(۴) تابستاں ،گرمی کا موسم ۔وامی شود۔کھلتا ہے ۔ساعت شش۔چھ بجے۔نیم روز ۔آدھے دن ،دوپہر۔ ساعت دوازده ۔باره بجے۔ نمازِ پیشیں۔ظہر کی نماز۔(۵) دیروز۔کل،جوگزرگیا ہو۔ بست ونہم ۔انتیسویں،انتیسواں۔ ہلال ۔ چاند،پہلی تاریخ کا چاند۔ فردا۔کل،جو آنے والا ہو۔ لباس فاخرہ۔عمدہ لباس۔ دربَر کرده ۔پہن کر۔

۶۔ پریشب سوار کالسکۂ بخار شدہ راندیم ☆ ہمہ ہمراہان خوانیدند ☆ من بہ صحرا نگاہ می کردم تا چشم کار می کرد ہمہ صحرا سبزہ زار بود ☆ گاہ گاہ میانِ جنگل بلبل می نالید ☆

۷۔ شب ہوا بسیار صاف و بے ابر و باد بود ☆ ستارہ ہا می درخشید ☆ ماہ بدیر بر آمد ☆ صبح از خواب برخاستہ نہار خوردم ☆ آخر روز منزل آمدم ☆ سرم درد گرفت، خوابیدم ☆

۸۔ دیشب بسیار کم خوابیدہ بودم ☆

عیدگاہ جائیں گے۔

۶۔ پرسوں رات ہم ریل گاڑی پر سوار ہو چلے سب ساتھی سو گئے۔ میں جنگل میں نگاہ کرتا تھا جہاں تک نگاہ کام کرتی تھی سارا جنگل ہرا بھرا تھا۔ کبھی کبھی جنگل کے درمیان بلبل بولتی تھی۔

۷۔ رات ہوا بہت صاف بغیر بادل اور طوفان کی تھی۔ ستارے چمکتے تھے۔ چاند دیر سے نکلا۔ صبح نیند سے اٹھ کر میں نے ناشتہ کھایا۔ آخر دن منزل پہنچا۔ میرے سر میں درد ہوا، میں سو گیا۔

۸۔ میں کل (گزشتہ) رات بہت کم سویا

(۶) پریشب۔ پرسوں کی رات (گزری ہوئی)۔ کالسکۂ بخار۔ ریل گاڑی۔ راندیم۔ ہم چلے۔ فعل مضارع۔ صیغہ جمع متکلم۔ امر حاضر۔ بران۔ اسم فاعل۔ رانندہ۔ مصدر۔ راندن۔ چلانا، ہانکنا۔ ہمہ۔ تمام، سارا، سب، کُل۔ ہمراہاں۔ ہمراہ کی جمع ہے۔ ہمسفر، ساتھی۔ خوابیدند۔ ماضی مطلق صیغہ جمع غائب۔ مضارع۔ خوابد۔ امر حاضر۔ بخواب۔ مصدر خوابیدن۔ سونا۔ صحرا۔ ریگستان، جنگل، بیابان۔ تا چشم کار می کرد۔ جہاں تک نظر کام کرتی ہے۔ می کرد۔ فعل حال۔ صیغہ واحد غائب۔ سبزہ زار۔ خوب ہریالی۔ گاہ گاہ۔ کبھی کبھی۔ بلبل می نالید۔ بلبل چہچہا رہا تھا۔ ماضی استمراری۔ صیغہ واحد غائب۔ مضارع۔ نالد۔ امر حاضر۔ بنال۔ مصدر۔ نالیدن۔ شور کرنا۔ (۷) بسیار۔ خوب، بہت۔ بے۔ بغیر۔ ابر۔ بادل۔ باد۔ ہوا۔ ستارہ ہا۔ ستارہ کی جمع ہے۔ تارے۔ می درخشید۔ چمکتے تھے۔ فعل ماضی استمراری۔ صیغہ واحد غائب۔ مضارع۔ رخشد۔ امر حاضر۔ برخش۔ مصدر۔ درخشیدن۔ چمکنا۔ بدیر۔ تاخیر سے۔ از خوان برخاستہ۔ نیند سے اٹھ کر۔ برخاستہ۔ اسم مفعول۔ مصدر۔ برخاستن۔ اٹھنا۔ نہار۔ ناشتہ۔ (۸) دیشب۔ گزشتہ کل کی

امشب ہوا خیلے سَرد بود ☆ امروز مرا کارے بُزرگ پیش آمدہ ☆ پریروز آفتاب خیلے گرم بود☆

تھا۔ آج رات ہوا بہت ٹھنڈ تھی ۔ آج کے دن مجھ کو ایک بڑا کام پیش آیا ۔ پرسوں کے دن دھوپ بہت تیز تھی ۔

۹۔ پِسرش کہ جوان خوش قامت است دیشب روے تختے خوابیدہ لحافے بر روکشیدہ بود☆

۹۔ اس کا لڑکا جو جوان اور اچھے قد کا ہے ۔کل کی رات تخت پر سوئے ہوئے ایک لحاف اوڑھے ہوئے تھا۔

۱۰۔ مسلمانان را باید، اطفالِ یتیم را کہ وارث نہ داشتہ باشند پرستاری کُنند واز ہر علمے درس دہند☆

۱۰۔ مسلمانوں کو چاہئے کہ یتیم بچے جو وارث نہیں رکھتے ہیں ان کی پرورش کریں اوران کو علم سکھائیں۔

کچھ حدیثوں اور بزرگوں کے اقوال کا ترجمہ اور خلاصہ

۱۔ رسولِ خُدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

۱۔ رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے

رات ۔ امشب ۔ آج کی رات ۔ امروز ۔ آج ۔ مرا۔ مجھ کو۔ کارے بزرگ ۔ ایک بڑا کام ۔ پیش آمدہ ۔سامنے آیا۔ پَرِ یُروز ۔ گزشتہ پرسوں ۔ آفتاب خیلے گرم بود ۔ دھوپ بہت تیز تھی ۔(۹) خوش قامت ۔ اچھے قد والا، خوبصورت قد والا ۔ روئے تختے خوابیدہ ۔ ایک تخت کے اوپر سویا ہوا۔ خوابیدہ ۔ اسم مفعول ۔مصدر ۔ خوابیدن ۔ سونا۔ برُ روکشیدہ بود ۔ چہرے پر تانے ہوئے تھا یا اوڑھے ہوئے تھا۔ کشیدہ بود ۔فعل ماضی بعید ۔صیغہ واحد غائب ۔مضارع ۔ کشد ۔ امر حاضر ۔ بکش ۔مصدر ۔ کشیدن ۔ کھینچنا ،تاننا ۔ اوڑھنا ۔ (۱۰) باید ۔ چاہیئے ۔فعل مضارع ۔صیغہ واحد غائب ۔ مصدر ۔ بایستن ۔ چاہنا ۔ اس سے امر اور اسم فاعل نہیں آتا ہے ۔ یتیم ۔ وہ بچہ جس کا باپ پیدائش سے پہلے یا بچپن میں انتقال ہوجائے ۔ پَرَستاری ۔ خدمت ، دیکھ بھال ۔

کچھ حدیثوں اور بزرگوں کے اقوال کا ترجمہ اور خلاصہ

حل لغات :(۱) فرمودہ است ۔فرمایا ہے ۔فعل ماضی قریب ۔صیغہ واحد غائب ۔ مضارع ۔

فرمودہ است: ہر کہ یک بار بر من درود خواند، خدائے تعالیٰ و فرشتگان بر وے دہ بار درود بگویند☆

فرمایا ہے: جو شخص مجھ پر ایک بار درود بھیجتا ہے، تو خدائے تعالیٰ اور فرشتے اس پر دس رحمتیں نازل فرماتے ہیں۔

۲۔ ہر کہ بدیدنِ عالمے رفت، بدیدنِ من آمدہ و ہر کہ با عالمے مصافحہ کرد، با من مصافحہ نمودہ و ہر کہ پیشِ عالمے نشست، با من نشستہ و ہر کی در دنیا با من نشیند، خُدائے تعالیٰ اُورا روزِ قیامت با من در بہشت بنشاند☆

۲۔ جو شخص کسی عالم کو دیکھنے گیا، تو وہ مجھے دیکھنے آیا اور جس شخص نے کسی عالم سے مصافحہ کیا تو اس نے مجھ سے مصافحہ کیا۔ اور جو شخص کسی عالم کے پاس بیٹھا تو وہ میرے پاس بیٹھا اور جو شخص دنیا میں میرے پاس بیٹھے گا تو خدائے تعالیٰ قیامت کے دن جنت میں میرے پاس بٹھائے گا۔

۳۔ ایمان چیست؟ شناختنِ خدائے تعالیٰ بدل و اقرار کردن بہ زبان و عمل کردن بحکمِ شریعت☆

۳۔ ایمان کیا ہے؟ خدائے تعالیٰ کو دل سے پہچاننا اور زبان سے اقرار کرنا اور شریعت کے حکم پر عمل کرنا۔

۴۔ ہر کہ برائے نماز بطریق نیکو وُضو کُند

۴۔ جو شخص نماز کے لئے صحیح طریقہ سے وضو

فرماید۔ امر حاضر۔ بفرمائے۔ مصدر۔ فرمودن۔ فرمانا۔ درود۔ سلام، دعا۔ یعنی وہ سلام و دعا جو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر پڑھا جائے۔ فرشتگان۔ فرشتہ کی جمع ہے، نوری مخلوق۔ بروے۔ اس پر۔ دہ بار۔ دس بار۔ درود بگویند۔ رحمتیں نازل فرماتے ہیں۔ فعل مضارع۔ صیغہ جمع غائب۔ امر حاضر۔ بگو۔ مصدر۔ گفتن۔ کہنا۔ (۲) عالمے۔ ایک عالم۔ مصافحہ کرد۔ ہاتھ ملایا۔ مصافحہ۔ ملاقات کے وقت ہاتھ ملانا۔ بنشاند۔ بیٹھائے گا۔ فعل مضارع۔ صیغہ واحد غائب۔ فعل امر۔ نشاں۔ اسم فاعل۔ نِشانندہ۔ اسم مفعول۔ نِشاندہ۔ مصدر۔ نِشانیدن یا نِشاندن۔ بیٹھانا۔ بہشت۔ جنت۔ (۳) شناختن۔ پہچاننا۔ مصدر۔ مضارع۔ شناسد۔ امر حاضر۔ بشناس۔ اسم فاعل۔ شناشندہ۔ شریعت۔ اسلامی قانون۔ (۴) ہر کہ۔ جو شخص۔ برائے۔ کے لئے۔ بطریق نیکو۔

ونماز گزارد، ہر چہ درمیانِ آں نمازِ دیگر کُند آمُرزیدہ شود☆

۵۔ ہر کہ باوُضو بخسپد و بہ ہماں شب بمیرد ،نزدِ خدائے تعالیٰ شہید باشد☆

۶۔ مسواک کُنید کہ از آں پاکی دہان است وخوشنودیِ رحمان☆

۷۔ در روز جُمعہ بر ہمہ مسلمانان سہ چیز واجب است : غسل نُمودن ، مسواک کردن،خوشبُو مالیدن☆

۸۔ جمعہ بہترین روزہا است☆

کرے اور نماز ادا کرے، جو کچھ اُس نماز اور دوسری نماز کے درمیان کرے گا بخشا جائے گا۔

۵۔ جو شخص باوضو سوئے اور اسی رات انتقال کرے تو خدائے تعالی کے نزدیک شہید ہوگا۔

۶۔ مسواک کیجئے کہ اس سے منہ کی صفائی ہے اور رحمان کی خوشنودی۔

۷۔ جمعہ کے دن تمام مسلمانوں پر تین چیز سنت ہے : غسل کرنا ،مسواک کرنا ، خوشبو ملنا۔

۸۔ جمعہ بہتریں دن ہے(تمام دنوں میں سب سے بہتر ہے)

اچھی طرح سے،صحیح طریقے سے۔ نماز گزارد۔ نماز ادا کرتا ہے۔فعل مضارع۔صیغہ واحد غائب۔ بگزار۔امر حاضر۔نماز گزار۔اسم فاعل سماعی۔ مصدر۔گزاردن۔ادا کرنا۔ آمُرزیدہ شود۔ بخشد یا جاتا ہے۔فعل مضارع مجہول۔صیغہ واحد غائب۔امر حاضر۔ بیامرز۔اسم فاعل۔آمرزندہ ۔مصدر۔آمرزیدن۔ بخشا۔(۵) بخسپد۔سوتا ہے۔فعل مضارع۔صیغہ واحد غائب۔فعل امر ۔بخسپ۔اسم فاعل۔خُسپندہ۔اسم مفعول۔خُسپیدہ۔مصدر۔خُسپیدن۔سونا۔ بمیرد۔مرجاتا ہے ۔فعل مضارع۔صیغہ واحد غائب۔فعل امر۔بمیر۔اسم فاعل۔میرندہ۔اسم مفعول۔مُردہ۔مصدر ۔مُردن۔مرنا۔ شہید۔خدا کی راہ میں قتل ہونے والا۔بہ ہماں شب۔اس رات میں۔نزد ۔نزدیک۔(۶) دہان۔دہن کی جمع ہے۔ خوشنودی۔خوشی ،رضامندی۔رحمان۔صفت ہے۔ مراد اللہ تعالیٰ کی ذات۔(۷) ہمہ۔تمام،سب۔ مسلمانان۔مسلمان کی جمع ہے۔واجب۔ بمعنیٰ سنت۔ غسل نمودن۔غسل کرنا۔ نمودن۔مصدر۔کرنا،دکھانا۔نماید۔فعل مضارع۔ بنما ۔فعل امر۔نمائندہ اسم فاعل۔ خوشبُو مالیدن۔خوشبو ملنا۔ مالیدن۔ملنا۔مصدر۔ مالد۔فعل مضارع۔بمال۔فعل امر۔(۸) روزہا۔روز کی جمع ہے۔دن۔

۹۔ نمازِ جماعت بہتر است از دنیا واز ہر چہ در دنیاست☆

۱۰۔ نزدِ خداے تعالیٰ بوے دہنِ روزہ دَاران از مشک خوشبوتر است☆

۱۱۔ اگر خُداے تعالیٰ آسمانہا و زمینہا را اجازتِ سخن گفتن بدہد، ہر روزہ دَار را مژدۂ جنت بدہند☆

۱۲۔ ہمہ چیز ہارا زکوٰۃ است وزکوٰۃِ تن روزہ داشتن است☆

۱۳۔ نماز ستونِ دین است، ہرکہ نماز را قائم نمود، دینِ خودرا قائم داشت، وہرکہ نماز را ترک داد، بنایدین خود را بر انداخت☆

۱۴۔ ہر چیزے را نشانے ست ونشانِ

۹۔ جماعت کی نماز دنیا اور جو کچھ دنیا میں ہے اس سے بہتر ہے۔

۱۰۔ خدائے تعالیٰ کے نزدیک روزہ دار کے منہ کی بُو مشک سے زیادہ خوشبودار ہے۔

۱۱۔ اگر خدائے تعالیٰ زمینوں اور آسمانوں بات کہنے کی اجازت دیتا تو وہ ہر روزہ دار کو جنت کی خوشخبری دیتے۔

۱۲۔ ہر چیز کی زکوٰۃ ہے اور بدن کی زکوٰۃ ورزہ رکھنا ہے۔

۱۳۔ نماز دین کا کھمبا ہے، جس شخص نے نماز قائم کیا، اس نے اپنے دین کو قائم رکھا، اور جس شخص نے نماز ترک کردیا، تو اس نے اپنے دین کی بنیاد کو ڈھادیا۔

۱۴۔ ہر چیز کی پہچان ہے اور ایمان کی

(۹) نماز جماعت ۔ ایک سے زائد آدمیوں کا کسی کے پیچھے نماز پڑھنا (۱۰،۱۱) مشک۔ کستوری، ایک عمدہ خوشبو۔ آسمانہا ۔آسمان کی جمع ہے ۔زمینہا۔زمین کی جمع ہے ۔ مژدۂ جنت ۔جنت کی خوشخبری۔ دہند۔دیتے ہیں۔فعل مضارع۔صیغہ جمع غائب۔فعل امر۔بدہ۔مصدر ۔دادن۔دینا۔(۱۲) چیزہا۔چیز کی جمع ہے۔چیزیں۔ تن ۔بدن، جسم ۔روزہ داشتن ۔روزہ رکھنا۔ مصدر ۔دارد۔فعل مضارع ۔ بدار۔فعل امر۔ (۱۳) ستون۔کھمبا۔ قائم نمود ۔قائم کرنا۔ نمود ۔ماضی مطلق۔واحد غائب ۔مصدر۔ نمودن۔ دکھانا،کرنا ۔بناے دین۔دین کی بنیاد۔بر انداخت ۔اکھاڑ دیا، گرادیا۔فعل ماضی مطلق۔صیغہ واحد غائب ۔مضارع۔اندازد۔فعل امر ۔بینداز۔مصدر۔ برانداختن۔اکھاڑ دینا، گرادینا، پھینک دینا۔(۱۴) نشانے ۔ایک پہچان، ایک

ایمان نماز است☆

۱۵۔ ہر کہ ترکِ نماز کُند و دیدہ و دانستہ نگزارد، منکر است☆

۱۶۔ ہر کہ نماز نکند ،ایمان ندارد و ہر کہ زکوٰۃ ندہد، نمازش ادا نہ شود☆

۱۷۔ کسے کہ پیش از سلام کردن سخنے گوید جوابش نہ دہید☆

۱۸۔ ہر کہ مادر و پدر را بیازارد، بوے بہشت نیابد☆

۱۹۔ با پدر و مادرِ خویش نکوئی کنید تا پسران شُما بشما نیکوئی کنند☆

۲۰۔خوشنودیِ خداے تعالیٰ در خوشنودیِ مادر و پدر است و نا خوشنودیِ اُو در نا خوشنودیِ مادر و پدر☆

پہچان نماز ہے۔

۱۵۔جو شخص نماز ترک کرے اور جان بوجھ کر نہ ادا کرے تو وہ فاسق ہے۔

۱۶۔جو نماز نہ ادا کرے وہ کامل ایمان نہیں رکھتا ہے،اور جو زکوٰۃ نہیں دیتا ہے،اس کی کامل نماز ادا نہیں ہوتی ہے۔

۱۷۔ جو شخص سلام سے پہلے کوئی بات کہے تو اس جواب نہ دے۔

۱۸۔جو شخص ماں باپ کو ستاتا ہے وہ جنت کی خوشبو نہیں پائے گا۔

۱۹۔اپنے ماں باپ کے ساتھ اچھا سلوک کرو تا کہ تمہارے لڑکے تمہارے ساتھ اچھا سلوک کریں۔

۲۰۔خدائے تعالیٰ کی خوشنودی ماں باپ کی خوشنودی میں ہے،اور اس کی ناراضگی ماں باپ کی ناراضگی میں ہے۔

علامت۔(۱۵) ترک۔ چھوڑنا۔ دیدہ و دانستہ ۔جان بوجھ کر۔ یہ دونوں اسم مفعول ہیں دیدن اور دانستن مصدر سے۔ نگزارد ۔ادا نہ کرے۔فعل مضارع منفی۔صیغہ واحد غائب۔امر حاضر۔بگزار ۔مصدر۔گزاردن ۔ادا کرنا۔ منکر است ۔انکار کرنے والا ہے،فاسق ہے۔(۱۶،۱۷،۱۸) کسے کہ ۔جو شخص۔پیش۔ پہلے۔ سخنے ۔کوئی بات۔ بیازارد۔ستاتا ہے یا ستائے گا۔فعل مضارع۔صیغہ واحد غائب۔امر حاضر۔ بیازار۔مصدر۔آزاریدن۔ستانا۔ بوے بہشت ۔جنت کی خوشبو۔ نیابد ۔نہیں پائے گا۔فعل مضارع منفی ۔صیغہ واحد غائب ۔مصدر ۔یافتن ۔پانا۔ (۱۹،۲۰) نکوئی ۔اچھائی، بھلائی، نیکی۔ پسران ۔ پسر کی جمع ہے۔لڑکے۔بشما۔تمہارے ساتھ۔

۲۱۔ ہر کہ خاموشی ورزید، سلامت ماند وہر کہ سلامت ماند، رستگاری یافت☆

۲۱۔ جس شخص نے خاموشی اختیار کی تو وہ سلامت رہا، اور جو سلامت رہا تو وہ چھٹکارا پایا

۲۲۔ سہ چیز زبوں است: خوابِ بسیار، گفتنِ بسیار، خوردن بسیار☆

۲۲۔ تین چیز بُری ہے: زیادہ سونا، زیادہ بولنا، زیادہ کھانا۔

۲۳۔ ہر کہ بسیار خورد بسے بود کہ بیمار شود و ہر کہ کم خوردن عادتِ خود کُند بیمار نہ شود ☆

۲۳۔ جو شخص زیادہ کھاتا ہے وہ اکثر بیمار ہوتا ہے اور جو شخص کم کھانے کی اپنی عادت بناتا ہے وہ بیمار نہیں ہوتا۔

۲۴۔ خندۂ بسیار دل رابمیر اند☆

۲۴۔ زیادہ ہنسی دل کو مردہ کردیتی ہے۔

۲۵۔ رنجوراں را عیادت کُنید و بر جنازۂ مسلمانان حاضِر شوید و آخرت را یاددارید ☆

۲۵۔ بیماروں کی عیادت کریں اور مسلمانوں کے جنازے میں حاضر رہیں اور آخرت کو یادرکھیں۔

۲۶۔ بیمار را روزِ اوّل باید پُرسید☆

۲۶۔ بیمار کو پہلے دن پوچھنا چاہئے۔

۲۷۔ مسلمان را باید کہ ہمسایہ و مہمان خود را عزیز دارد و سخنِ پسندیدہ گوید، ورنہ

۲۷۔ مسلمان کو چاہئے کہ وہ اپنے پڑوسی اور مہمان کو پیارا رکھے اور اچھی بات کہے

(۲۱) ہر کہ۔ جو شخص۔ خاموشی ورزید۔ خاموشی اختیار کیا، چپ رہا۔ ورزید۔ ماضی مطلق۔ صیغہ واحد غائب۔ مضارع۔ ورزد۔ فعل امر۔ بورز۔ مصدر۔ ورزیدن۔ اختیار کرنا، ورزش کرنا۔ رستگاری۔ چھٹکارہ، نجات۔ (۲۲، ۲۳، ۲۴) زبوں۔ خراب۔ خوابِ بسیار۔ زیادہ سونا۔ بسے۔ اکثر، بہت۔ خندۂ بسیار۔ زیادہ ہنسی۔ بمیر اند۔ مردہ کردیتی ہے۔ فعل مضارع۔ صیغہ جمع غائب۔ فعل امر۔ مِیر۔ مصدر۔ مِیرانیدن۔ ماردینا، ہلاک کردینا۔ (۲۵) رنجوران۔ رنجور کی جمع ہے۔ بیمار لوگ۔ عیادت۔ بیماروں کی مزاج پُرسی کرنا۔ آخرت۔ مرنے کے بعد کی زندگی۔ (۲۶، ۲۷) روزِ اوّل۔ پہلے دن۔ باید پُرسید۔ پوچھنا چاہئے۔ فعل امر۔ صیغہ واحد غائب۔ ہمسایہ۔ پڑوسی۔ عزیز۔ پیارا۔

خاموش ماند☆

وررنہ چپ رہے۔

۲۸۔ ہر جا کہ باشی از خدائے تعالیٰ بترس و پاداسِ بدی بہ نیکی کُن و با مردم بہ نیک خوئی معاملہ کُن ☆

۲۸۔تو جس جگہ رہے خدائے تعالیٰ سے ڈر اور برائی کا بدلہ نیکی سے کر اور لوگوں کے ساتھ اچھا معاملہ کر۔

۲۹۔ ہر کہ دروَے ازین سہ چیز یکے بود اگر چہ نماز کُند و روزہ دارد مُنافق باشد، یکے آں کہ دروغ گوید، دوم آں کہ خلافِ وعدہ کُند، سوم آں کہ خیانت کُند ☆

۲۹۔جس شخص میں ان تین چیزوں میں سے ایک ہو اگرچہ نماز ادا کرے اور روزہ رکھے تو وہ منافق ہوگا، پہلا یہ کہ جھوٹ بولے، دوسرا یہ کہ وعدہ خلافی کرے، تیسرا یہ کہ خیانت کرے۔

۳۰۔دروغ روزی را بکاہد☆

۳۰۔جھوٹ روزی کو گھٹاتا ہے۔

۳۱۔ بزرگ ترین گناہان شرک ست و نافرمانِ مادر و پدر و سخن دروغ نیز☆

۳۱۔سب سے بڑا گناہ شرک ہے اور ماں باپ کی نافرمانی اور جھوٹ بات بھی۔

۳۲۔خشم ایمان را چناں تباہ کُند، کہ صِبر انگبین را☆

۳۲۔غصہ ایمان کو ایسا برباد کرتا ہے جیسے ایلوا شہد کو۔

۳۳۔ ہر کہ خشم فرو خورد، حق تعالیٰ عذاب

۳۳۔جو شخص غصہ کو پی جاتا ہے حق تعالیٰ

(۲۸،۲۹) ہر جا کہ باشی۔ جس جگہ رہے۔ بترس۔ ڈر۔ فعل امر۔ صیغہ واحد حاضر۔ مضارع۔ ترسد۔ مصدر۔ ترسیدن۔ ڈرنا۔ نیک خوئی۔ اچھا سلوک۔ ہر کہ در وے۔ جس شخص میں۔ منافق۔ ریاکار، شریعت اسلامیہ میں وہ شخص جو بظاہر مسلمان مگر دل سے کافر ہو۔ دروغ۔ جھوٹ۔ خیانت۔ امانت میں چوری، دھوکا۔ (۳۰،۳۱) روزی۔ رزق۔ بکاہد۔ گھٹا دیتا ہے۔ فعل مضارع۔ صیغہ واحد غائب۔ فعل امر۔ بکاہ۔ مصدر۔ کاہیدن۔ گھٹا دینا، گھٹانا۔ بزرگ ترین۔ سب سے بڑا۔ گناہان۔ گناہ کی جمع ہے۔ جرم۔ شرک۔ کسی کو خدا کی خدائی میں شریک کرنا۔ (۳۲،۳۳) خشم۔ غصہ۔ چناں۔ ایسا۔ تباہ۔ خراب، برباد۔ صِبر۔ ایلوا کا درخت۔ ایلوے کے پھل کا رس۔ انگبین۔ شہد۔ خشم فروخورد۔ غصہ پی جاتا ہے۔ فعل مضارع۔ صیغہ واحد غائب۔ مصدر۔ خشم فروخوردن

از وے بردارد☆

۳۴۔جامۂ سفید بہترین جامہا است☆

دوست کی ملاقات

ا۔السلام علیکم☆ وعلیکم السلام،مزاج عالی ؟الحمدللہ! دعاے جانِ شُما☆ خوش آمدید ☆ مردم بخیراند؟ کوچک و بزرگ بہ سلامت؟ بلے!ہمہ دُعامی کنند☆

۲۔ بعد مدت تشریف آوردید ، ایں قدر بے التفاتی ؟ معاف دارید، چہ کُنم ،کارہاے دنیا نمی گزارند، دولت خانہ را بلد نبودم☆

اس سے عذاب اٹھالیتا ہے۔

۳۴۔سفید کپڑا بہترین کپڑا ہے۔

دوست کی ملاقات

ا۔تم پر سلامتی ہو۔اورتم پر بھی سلامتی ہو،آپ کی طبیعت کیسی ہے؟ اللہ کا شکر ہے تمہارے دل کی دعا ہے۔ خیریت سے آئے۔لوگ خیریت سے ہیں؟ چھوٹے بڑے سلامت سے ہیں؟ہاں!سب کی دعا ہے۔

۲۔ایک زمانہ کے بعد تشریف لائے ۔ اس قدر بے توجہی ؟ معاف کیجئے ، کیا کروں ، دنیا کے کام نہیں چھوڑتے ہیں ، میں آپ کے گھر سے بھی واقف نہیں تھا۔

۔غصے پر قابو پانا،غصہ پی جانا۔عذاب ۔سزا۔(۳۴) جامہا۔جامہ کی جمع ہے۔کپڑے۔

دوست کی ملاقات

حل لغات:(ا) السّلام علیکم ۔تم پر سلامتی ہو۔یعنی خداتم کو ہر قسم کی بلا ومصیبت سے بچائے۔ وعلیکم السلام ۔تم پر بھی سلامتی ہو۔یعنی تم کو بھی اللہ ہر مصیبت و بلا سے بچائے۔ مزاج عالی ؟۔مزاج مبارک ،طبیعت کیسی ہے؟ الحمدللہ !۔خدا کا شکر ہے۔ دعائے جان شما۔آپ کی دعا ہے۔ خوش آمدید۔آپ خیریت سے آئے (آپ کا آنا مبارک ہو) مردم بخیراند۔سب لوگ اچھے ہیں۔ کوچک و بزرگ بہ سلامت ۔ چھوٹے اور بڑے سب خیریت سے ہیں ۔(۲) آوردید ۔لائے ۔فعل مضارع۔صیغہ جمع حاضر۔مصدر۔آوردن۔لانا۔بے التفاتی ۔بے توجہی۔ کارہا۔کام کی جمع ہے۔کام۔ نمی گزارند۔نہیں چھوڑتے ہیں۔فعل مضارع۔صیغہ جمع غائب۔فعل امر۔بگذار۔مصدر ۔گزاشتن ۔چھوڑنا۔ دولت خانہ ۔گھر۔(دوسروں سے احتراماً اس طرح پوچھا جاتا ہے)۔بلد نبودم ۔میں آگاہ یا واقف نہ تھا۔فعل ماضی بعید منفی۔صیغہ واحد متکلم۔فعل مضارع۔باشد۔فعل امر

۳۔بسم اللہ ! جناب آغا ! چہ بر وقت رسیدید ! چاست حاضرست بیائید، نوش جان فرمائید☆ بندہ طعام خوردہ آمدہ اَم، اِشتہا ندارم☆ خیر! چیزے ایں جا ہم نوش جان فرمائید☆ بسرِ شما کہ سیر ہستم ۔

۴۔ چاے حاضر ست ، بخورید ☆ معاف دارید آغا ! نمی خورم کہ خشکی می آرد☆ خیر !از یک فِنجان چہ می شود☆

۵ ۔ اسپ کمیت را چہ کردید؟ فروختم ، چالاک نبود☆ ایں سبزہ خیلے خوب ست، بسیار تیز ست، مہمیز را ہم تاب نمی آرد، تا بہ قمچی چہ رَسد☆ چہ سبب ست ، فربہ نمی شود؟ آب و دانۂ ہند باسپہاے ولایت

۳۔بسم اللہ ! حضرت ! کیا وقت پر پہنچے ! ناشتہ حاضر ہے، آیئے ،کھا لیجئے ۔ بندہ کھانا کھا کر آیا ، میں خواہش نہیں رکھتا ہوں ۔ خیر اس جگہ بھی تھوڑا کھا لیجئے ۔تمہارے سر کی قسم میں آسودہ ہوں ۔

۴۔ چائے حاضر ہے، پی لیجئے ؟ معاف رکھئے حضرت ! میں نہیں پیتا ہوں کہ خشکی لاتی ہے۔خیر ایک پیالی سے کیا ہوتا ہے۔

۵۔ چتکبرے گھوڑے کو تم نے کیا کیا ؟ میں بیچ دیا وہ چالاک نہیں تھا۔ یہ سبز رنگ کا بہت اچھا ہے، بہت تیز ہے، ایڑ بھی تاب نہیں لاتا ہے،تو چابک کی کیا حاجت؟ کیا وجہ ہے کہ موٹا نہیں ہوتا ہے؟ ہندوستان کا دانہ پانی

۔بباش ۔مصدر ۔ بودن ۔ ہونا۔ ہم ۔بھی ۔(۳) بسم اللہ ۔اللہ کے نام سے ۔ نوش جان فرمائید ۔کھایئے پیجئے ۔ طعام خوردہ ۔کھانا کھا کر ۔ اشتہا ۔بھوک ،خواہش ۔ خیر ۔ٹھیک ہے ۔ بسر شما ۔تمہارے سر کی قسم ۔ سیر ۔آسودہ، پیٹ بھرا ہوا۔ جناب آغا۔حضور والا، جناب آقا،حضور۔ یہ کلمۂ تعظیم ہے ۔(۴) خشکی می آرد۔خشکی لاتی ہے فعل حال ۔صیغہ واحد غائب۔مصدر ۔آوردن ۔لانا ۔ فنجان ۔چھوٹی پیالی ۔ حاضر ۔موجود ۔ آغا۔آقا ،صاحب، مالک۔(۵) کمیت ۔ گہرا سرخ گھوڑا ،سیاہی مائل سرخ گھوڑا۔ فروختم ۔میں نے بیچ دیا۔فعل ماضی مطلق ۔صیغہ واحد متکلم۔ فعل مضارع۔فروشد۔فعل امر۔بفروش۔مصدر۔فروختن ۔بیچنا۔سبزہ۔ ہرا رنگ کا۔ مہمیز ۔ایڑی ،لوہے کا وہ کانٹا جو سواروں کی ایڑی میں لگا ہوتا ہے ۔ تاب ۔ طاقت ، برداشت ۔ قمچی ۔کوڑا ،چابک ،ہنٹر۔ فربہ ۔موٹا۔ اسپہائے ولایت ۔غیر ملکی گھوڑا۔ سازگار ۔موافق ،موزوں۔

سازگار نمی آید ☆ اسپ چالاک گاہے فربہ نمی شود ☆

۶۔ پیش خدمتِ شما چہ مواجب می گیرد؟ نان و شش ماہہ رخت ☆ من فرّاشِ خود را پنج روپیہ شہریہ می دہم ☆ چیست کہ لاغر شدہ است؟ سہ روز است کہ تپ کردہ، اکنوں چیزے بہتر ست ☆ علاجِ دُکتور می کُند خیر! خدایش شِفا دہد ☆

۷۔ اجازت ست؟ حالا رخصت می شوم ☆ چرا چرا ایں قدر زودی؟ بنشینید! ساعتے حرف زنیم و دل خوش کنیم ☆ خیر! می رَوَم ☆ کجا میروید؟ وقت وقتِ رفتن نیست، شب بسیار گزشتہ، ہمیں جا خواب کُنید ☆ خیر! حالا کالِسکہ بخار است، می

غیر ملکی گھوڑوں کو موافق نہیں آتا ہے۔ تیز گھوڑا کبھی موٹا نہیں ہوتا ہے۔

۶۔ تمہارا نوکر کیا تنخواہ لیتا ہے؟ روٹی اور چھ ماہ پر کپڑا۔ میں اپنے جھاڑو لگانے والے کو پانچ روپیہ مہینہ دیتا ہوں۔ کیا وجہ ہے کہ وہ کمزور ہو گیا ہے؟ تین روز سے بخار ہے، اب کچھ ٹھیک ہے۔ وہ ڈاکٹری علاج کرتا ہے۔ خیر اللہ تعالیٰ اس کو شفاء دے۔

۷۔ اجازت ہے؟ اب میں چھٹی چاہتا ہوں۔ کیوں کیوں اس قدر جلدی؟ بیٹھے! تھوڑی دیر بات کریں اور دل خوش کریں۔ اچھا میں جاتا ہوں۔ تم کہاں جاتے ہو؟ وقت جانے کا وقت نہیں ہے، رات زیادہ گذری اسی جگہ سو جایئے خیر ابھی ٹرین ہے، میں جاتا

(۶) پیش خدمت۔ نوکر، سکریڑی۔ مواجب۔ موجب کی جمع ہے۔ تنخواہ، مشاہرہ۔ می گیرد۔ لیتا ہے۔ فعل مضارع۔ صیغہ واحد غائب۔ مصدر گرفتن۔ پکڑنا، لینا۔ نان۔ روٹی۔ شش ماہہ رخت۔ چھ ماہ پر کپڑا۔ فرّاش۔ فرش بچھانے والا، خادم۔ شہریہ۔ ماہواری، ہر مہینہ۔ لاغر۔ دبلا۔ تپ۔ بخار۔ اکنوں۔ اب، ابھی۔ دکتور۔ ڈاکٹر۔ خدایش۔ خدا اس کو۔ شفا دہد۔ شفا دے۔ فعل مضارع۔ صیغہ واحد غائب۔ مصدر۔ دادن۔ دینا۔ (۷) حالا۔ اب، اسی وقت۔ زُودی۔ جلدی۔ ساعتے حرف زنیم۔ تھوڑی دیر بات چیت کریں۔ ہمیں جا خواب کنید۔ یہیں سو جایئے۔ ان شاء اللہ۔ اگر اللہ نے چاہا۔ باز می آیم۔ ہم واپس آئنگے۔ فعل حال۔ صیغہ جمع متکلم۔ مصدر۔ آمدن۔ آنا۔ پس از یک ماہ۔ ایک مہینہ کے بعد۔

روم، پس از یک ماہ انشاء اللہ باز می آیم ☆

نوکروں سے ضروری باتیں

۱۔نظر قلی! برو، یک پیسہ رَا ماست بستان ،قَیماق ہم برائے چائے بگیر، آب خوردنی بدہ، ہشدار کہ نریزد، گرم است ، بِرو آب تازہ از چاہ بیار☆

۲۔ رکابی پُلاؤ را پیشترک بگذار☆ نگاہ کُن! کاسۂ شور با کج نشود ☆ زُغال روشن کُن بمنقل گزاشتہ بیار ☆ بگو قدرے چائے دم کنند، قدرے شیر ہم

ہوں، پھر ان شاء اللہ ایک مہینہ کے بعد میں واپس آؤں گا۔

نوکروں سے ضروری باتیں

۱۔نظر قلی جا! ایک پیسہ کا چھاچھ لے، اور چائے کے لئے بالائی بھی لا، پینے کا پانی دے، ہوش رکھ کہ نہ گرے، گرم ہے، جا، تازہ پانی کنویں سے لا۔

۲۔ پلاؤ کی رکابی سامنے رکھ۔ دیکھ کہ شوربے کا پیالہ ٹیڑھا نہ ہوجائے۔ کوئلہ روشن کر انگیٹھی میں رکھ کر کر لا۔ کہہ کہ تھوڑی چائے گرم کریں، تھوڑا دودھ بھی ڈال دیں کہ وہ

نوکروں سے ضروری باتیں

حل لغات: (۱) نظر قلی!۔نوکر کا نام ہے۔ برو۔ جا۔فعل امر۔صیغہ واحد حاضر۔فعل مضارع۔ رود ۔ مصدر ۔ رفتن۔ جانا، چلنا ۔ ماست ۔ دہی، چھاچھ۔ بِستاں۔لا تو۔فعل امر۔صیغہ واحد حاضر ۔مضارع۔ بِستَد ۔مصدر۔ بستدن ۔کوئی چیز لینا۔قَیماق۔ بالائی، ملائی۔ آب خوردنی ۔ پینے کا پانی ۔ ہُشدار ۔ہوش رکھ۔ نریزد ۔ گر نہ جائے ۔فعل مضارع منفی ۔صیغہ واحد غائب۔فعل امر۔ بریز ۔مصدر ۔رِیزِیدن اور ریختن ۔ دونوں مصدر ہیں گرنا ،بکھرنا ۔ (۲) پیشترک ۔سامنے ،تھوڑا آگے۔ کاسہ ۔پیالہ۔ کج ۔ٹیڑھا۔ زُغال ۔کوئلہ۔ مَنْقَل ۔انگیٹھی۔ دم کنید ۔اُبالیں، گرم کریں ۔فعل مضارع۔صیغہ جمع غائب۔ قدرے ۔تھوڑا۔ شیر ۔دودھ۔ ہم ۔بھی ۔ بیندازید ۔ڈال دیں ۔فعل امر۔صیغہ جمع حاضر۔مضارع۔ انداز د مصدر۔ انداختن ۔ڈالنا۔ می بَرَد ۔ لے جاتا ہے۔فعل حال ۔صیغہ واحد غائب ۔فعل امر۔ ببر۔ مصدر۔ بردن ۔ لے جانا۔ نبات ۔مصری، کھانڈ۔ تہ نشیں شد ۔ نیچے بیٹھ گئی۔ قاشق ۔ چمچہ بجُنْبانم ۔ میں ہلاؤں ۔فعل امر۔صیغہ واحد متکلم ۔فعل مضارع ۔جنباند۔مصدر۔جنبانیدن ۔ ہلانا۔

بیندازید کہ خسکیش را می برَد ☆ نبات تہ نشیں شد ☆ قاشق بدہ کہ بجنبانم ☆

۳۔ کُلا ہم کجاست؟ خفتانِ بانات بیار ☆ بند در زیر جامہ بکش ☆ بند ہاے قبا شکستہ اند، در خانہ بِدہ کہ درست کنند ☆ لباس در بار بیار کہ وقت شدہ ☆ آئینہ پیش بگذار کہ عمامہ بر سر بپیچم ☆

۴۔ دو پیسہ سر تراش را بدہ ☆ پیسہ ندارم ☆ روپیہ بگیر و پیسہ بیار ☆ ہَنوز صراف دُکان نکشادہ ☆ بدُکاّنِ قنادے برَو، دو آنہ را حلوہ بیار و باقی پیسہ بگیر ☆ چند تا پیسہ آوَردی؟ روپیہ قلب ست، صرّاف نمی گیرد ☆ خیر! دیگر ببَر ☆

اس کی خشکی لے جاتا ہے۔ مصری نیچے بیٹھ گئی۔ چمچہ دے کہ میں ہلاؤں۔

۳۔ میری ٹوپی کہاں ہے؟ اونی کوٹ لا۔ ازار بند پائجامہ میں ڈال۔ قبا کے بٹن ٹوٹے ہوئے ہیں، گھر میں دے کہ ٹھیک کریں۔ دربار کا لباس لا کہ وقت ہوگیا۔ آئینہ سامنے رکھ کہ عمامہ سر پر لپیٹوں۔

۴۔ سر چھیلنے والے کو دو پیسہ دے۔ میں پیسہ نہیں رکھتا ہوں۔ روپیہ لے اور پیسہ لا۔ ابھی صرّاف دکان نہیں کھولا ہے۔ حلوائی کے دکان پر جا، دو آنہ کا حلوہ لا اور باقی پیسہ لے۔ تو کتنے پیسے لایا؟ روپیہ کھوٹا ہے، صرّاف نہیں لیتا ہے۔ خیر دوسرا لے جا۔

(۳) کلاہم۔ میری ٹوپی۔ خفتان۔ ایک جنگی لباس، آہنی زرہ۔ بانات۔ ایک قسم کا گرم، موٹا اونی کپڑا، کوٹ۔ زیر جامہ۔ پاجامہ میں۔ بنْد۔ ازار بند۔ بکش۔ ڈال، کھینچ۔ فعل امر۔ صیغہ واحد حاضر۔ مضارع۔ کشد۔ مصدر۔ کشیدن۔ کھنچنا، ڈالنا۔ بندہائے۔ بند کی جمع ہے۔ گھنڈی، بٹن۔ شکستہ اند۔ ٹوٹے ہوئے ہیں۔ فعل ماضی قریب۔ صیغہ جمع غائب۔ مصدر۔ شکستن۔ توڑنا۔ لباس دربار۔ درباری لباس۔ بگذار۔ چھوڑ۔ فعل امر۔ صیغہ واحد حاضر۔ مضارع۔ گذارد۔ مصدر۔ گذاشتن۔ چھوڑنا۔ عمامہ بر سر بپیچم۔ میں عمامہ سر پر باندھوں یا لپیٹوں۔ فعل امر۔ صیغہ واحد متکلم۔ مضارع۔ پیچد۔ مصدر۔ پیچیدن۔ لپٹنا، لپیٹنا۔ (۴) سر تراش۔ حجام، نائی۔ ہنوز۔ ابھی تک۔ صرّاف۔ سونا، چاندی پر کھنے والا، ساہوکار، مہاجن۔ نکشادہ۔ اسم مفعول منفی۔ مضارع۔ کشاید۔ فعل امر۔ بکشائے۔ مصدر۔ کشادن۔ کھولنا۔ قناد۔ حلوائی، میٹھائی بنانیوالا۔ چندتا۔ کتنا۔ قلب۔ کھوٹا۔

۵ ۔ محمود ! آفتاب بمغرب رفت ، اکنوں شام شد، من بہ مسجد رفتہ نماز کردہ می آیم ، تو چراغ روشن کُن ، کتاب و قلمدانم روے میز بنہ ☆

۶ ۔ از شب چہ قدر گزشتہ ؟ البتہ پاسے از شب گزشتہ باشد ☆ امروز مَرا زود تر خواب گرفت ☆ فرشِ خواب بینداز کہ استراحت کُنم ☆ توشک بتکاں ، لحاف را پائیں بگذار ☆ دروازہ را پیش کن ، شمع دان سر طاقچہ و کِلید زیر بالینم بگزار ☆ چوں پارۂ از شب بگزرد ، مرا بیدار کُن کہ چیزے نوشتن دارم ☆

۷ ۔ چراغ روشنی کمتر دارد ☆ روغن در چراغ بریز کہ خاموش نشود ☆ گل بگیر ☆ سر فتیلہ را پیش کُن ☆ در بازار راست و

۵ ۔ محمود سورج پچھّم کو گیا ، اب شام ہوگئی ، میں مسجد میں جا کر نماز ادا کر کے آتا ہوں ، تو چراغ روشن کر ، میری کتاب اور قلمدان میز پر رکھ ۔

۶ رات کتنی گذری ؟ یقینا ایک پہر رات گذری ہوگی ۔ آج کے دن مجھے بہت جلد نیند آگئی ۔ سونے کا بستر بچھا کہ میں آرام کروں ۔ بستر (گدا) کو جھاڑ لحاف پائیتی چھوڑ ۔ دروازہ بند کر ، شمع دان طاق پر اور چابی میرے سرہانے چھوڑ ۔ جب تھوڑی رات گذر رے ، تو مجھے بیدار کر کہ مجھے تھوڑا لکھنا ہے ۔

۷ ۔ چراغ روشنی کم رکھتا ہے ۔ تیل چراغ میں ڈال کہ نہ بجھے ۔ راکھ جھاڑ دے ، بتی کو بڑھا ۔ بازار میں دائیں اور

(۶،۵) آفتاب ۔ سورج ، دھوپ ۔ روئے میز بنہ ۔ میز پر رکھ ۔ فعل امر ۔ صیغہ واحد حاضر ۔ مضارع ۔ نہد ۔ مصدر ۔ نہادن ۔ رکھنا ۔ البتہ ۔ بیشک ، یقینا ۔ پارہ از شب ۔ ایک پہر رات ۔ مرا ۔ مجھ کو ۔ زود تر ۔ بہت جلد ۔ خواب گرفت ۔ نیند آگئی ۔ فعل ماضی مطلق ۔ صیغہ واحد غائب ۔ مصدر ۔ گرفتن ۔ فرشِ خواب بینداز ۔ سونے کا بستر بچھا یا ڈال ۔ فعل امر ۔ صیغہ واحد حاضر ۔ فعل مضارع ۔ اندازد ۔ مصدر ۔ انداختن ۔ ڈالنا ۔ استراحت ۔ آرام ۔ تُوشک ۔ بچھونا ، (بچھانے کا گدا) ۔ (۷) روغن ۔ تیل ۔ بریز ۔ ڈال ۔ فعل امر ۔ صیغہ واحد حاضر ۔ مضارع ۔ ریزد ۔ ریختن ۔ گرانا ، ڈالنا ۔ خاموش نشود ۔ بجھ نہ جائے ۔ فعل مضارع منفی ۔ بشو ۔ فعل امر ۔ مصدر ۔ شدن ۔ ہونا ، جانا ۔ گل ۔ چراغ کی بتی کا جلا ہوا ، جلتا ہوا سر ۔ سرفتیلہ ۔ بتی کا سرا ۔ پیش کن ۔ بڑھا ۔

چپ چراغ گزاشتہ از کاز روشن کنند کہ چراغاں خوب شود☆

۸۔ حاجی صالح ! شنیدم کہ کلکتہ می روی، راست است ؟ بلے آقا ! می روم ☆ خدمتے بہ شمار جوع خواہم کرد باید انجام بدہی بجہت ہمیں شمارا خواستم ☆ بفرمائید آقا! با جان و دل برائے انجامِ فرمائشاتِ سرکار حاضرم ☆ زود بر می گردی یا بدیر؟ تا یک ماہ دیگر برمی گردم ، کارے نہ دارم، پول نقدمی برَم، آبریشم می خرم وگردم☆

خرید وفروخت کی باتیں

ا۔ میوہ فروش حاضر است ☆ بیارید☆ کجا است ؟ انار یک سیر بچند می دہی ؟

بائیں چراغ رکھ کر مٹی کے تیل سے روشن کرتے ہیں کہ روشنی خوب ہووئے۔

